
لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ
لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ
إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ

حاجیوں کے لئے انمول تحفہ

# نقشۂ حج

مختصر آسان




طواف کے ہر چکر میں
حجرِ اسود کا استلام یعنی حجرِ اسود
کی طرف اشارہ کرتے ہوئے
اللّٰہُ اَکْبَرُ کہیے۔

نہایت آسان

# طریقہ حج

قدم بہ قدم

## 1

1. 8 ذوالحج حج کا پہلا دن
2. غسل کریں یا وضو کریں
3. منٰی میں جانے سے پہلے حج کا احرام باندھ لیں
4. دو رکعت نفل بانیت احرام پڑھیں
5. حج کرنے کی نیت کریں
6. تین مرتبہ تلبیہ پڑھیں
7. اب آپ پر احرام کی پابندیاں لاگو ہیں
8. ظہر سے پہلے منٰی کیلئے روانہ ہو جائیں
9. **تلبیہ** کثرت سے پڑھتے رہیں
10. منٰی میں ظہر، عصر، مغرب اور عشاء ادا کریں
11. منٰی میں تمام رات قیام کریں
12. حج کا پہلا دن مکمل ہو گیا

## 2

13. حج کا دوسرا دن ہے آپ منٰی میں ہیں
14. فجر کی نماز کے بعد عرفات جائیں
15. **وقوف عرفات** (ظہر اور عصر ادا کریں)
16. سورج غروب ہونے تک عرفات میں قیام کریں
17. **عرفات** میں مغرب ادا نہ کریں
18. سورج غروب ہونے کے بعد مزدلفہ جائیں
19. مغرب اور عشاء ایک ساتھ ملا کر مزدلفہ میں ادا کریں
20. 70 کنکریاں اکٹھی کریں
21. تمام رات مزدلفہ میں قیام کریں
22. حج کا دوسرا دن مکمل ہو گیا

## 3

23. حج کے تیسرے دن آپ مزدلفہ میں ہیں
24. وقوفِ مزدلفہ
25. سورج نکلنے کے بعد منٰی جائیں
26. جمرۃ العقبٰی (بڑا شیطان) پر 7 کنکریں ماریں
27. حج کی قربانی کریں (دمِ شکر)
28. بال کٹوائیں
29. احرام کھول دیں
30. مکہ مکرمہ میں مسجد الحرام میں جائیں
31. طوافِ زیارت کریں
32. دو رکعت مقام ابراہیم کے قریب ادا کریں
33. آب زمزم پئیں
34. صفا مروہ سعی کریں
35. مکہ مکرمہ میں قیام نہ کریں واپس منٰی جائیں
36. حج کا تیسرا دن مکمل ہو گیا

## 4

37. حج کا چوتھا دن ہے آپ منٰی میں ہیں
38. زوال کے بعد تینوں جمرات پر جائیں
39. تینوں جمرات پر سات سات کنکریاں ماریں
40. عبادت کیلئے منٰی میں قیام کریں
41. حج کا چوتھا دن مکمل ہو گیا

## 5

42. حج کے پانچویں دن آپ منٰی میں ہیں
43. زوال کے بعد تینوں جمرات پر جائیں
44. تینوں جمرات پر سات سات کنکریاں ماریں
45. صبح صادق ہونے سے پہلے مکہ مکرمہ چلے جائیں
46. الوداعی طواف کریں
47. مکہ سے روانہ ہو جائیں
48. حج مکمل ہو گیا ہے (حج مبارک ہو)

---

**ضروری نوٹ**

اوپر دی گئی ہدایات آپ کی رہنمائی کیلئے ہیں۔ کلر سکیم کے ذریعے ادائیگی حج کو اجاگر کیا گیا ہے۔ تیروں کی مدد سے حج کے طریقہ کو لحہ بہ لحہ خانوں کی مدد سے آپ کی رہنمائی کی گئی ہے۔ اگر آپ کسی چیز کے بارے میں مطمئن نہ ہوں تو آپ کسی مستند عالم دین سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں اور اگر حج گائیڈ میں کوئی غلطی ہو تو اپنی قیمتی آراء سے ہمیں مطلع فرمائیں۔

- فرض
- واجب
- سنت

Printed by GREENPRiNT 19th November 2006 Version. 5. (2006/07)

# حج کیسے کریں

دائروں میں نمبرز آپ کی رہنمائی کر رہے ہیں کہ آپ کہاں ہیں اور اب کیا کرنا ہے؟

احرام باندھنے کی نیت سے غسل یا وضو کریں (غسل کرنا افضل ہے) اب احرام باندھ لیجئے احرام کی چادر سے سَر ڈھانپ کر دو رکعت نفل (بانیتِ احرام) پڑھیں اور سلام پھیرتے ہی سَر سے کپڑا ہٹالیں۔

اب حج کی نیت کریں۔ **حج کی نیت** اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُرِیْدُ الْحَجَّ فَیَسِّرْہُ لِیْ وَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ اور تین دفعہ تلبیہ پڑھیں:

**تلبیہ** لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيْكَ لَكَ

1 8 ذوالحج کو مکہ سے منیٰ کو روانہ ہو جائیں

2 منیٰ میں قیام کے دوران پانچ نمازیں ظہر تا فجر مکمل کریں۔

3 9 ذوالحج کو طلوع آفتاب کے بعد منیٰ سے عرفات کو جائیں۔

4 عرفات میں وقوف (قیام) کریں۔ ہو سکے تو مسجد نمرہ میں خطبہ حج سنیں اور ظہر و عصر اکٹھی پڑھیں۔

نوٹ اگر آپ خیموں میں ہیں تو ظہر اور عصر اپنے اپنے وقت پر ادا کریں۔

5 وقوف عرفات: غروب آفتاب کے بعد عرفات سے مزدلفہ کو روانگی کے دوران تلبیہ پڑھتے جائیں۔

6 مزدلفہ پہنچ کر نماز مغرب اور عشاء ملا کر ادا کریں۔ وہیں سے 70 کنکریاں چنیں۔

7 10 ذوالحج فجر کی نماز مزدلفہ میں ادا کریں۔ (وقوف مزدلفہ) طلوع آفتاب کے بعد مزدلفہ سے منیٰ روانہ ہو جائیں۔

نوٹ اگر آپ چاہیں تو مزدلفہ سے سیدھے بڑے جمرہ کو کنکریاں مار کر بھی خیموں میں جا سکتے ہیں۔

8 10 ذوالحج منیٰ میں جا کر سامان وغیرہ رکھ کر کھانا کھائیں اور آرام کریں۔

9 تلبیہ پڑھتے ہوئے جمرات کی طرف جائیں۔ بڑے جمرہ کے قریب جا کر تلبیہ پڑھنا بند کر دیں اور اللّٰہُ اَکبر کہتے ہوئے بڑے جمرہ کو سات کنکریاں ماریں۔

10 جمرۃ العقبیٰ کی رمی کے بعد قربانی کے لئے تشریف لے جائیں اور قربانی کریں۔

11 قربانی 11,12 ذوالحج کو بھی کی جا سکتی ہے۔

نوٹ: عازمین حج یاد رکھیں کہ حج کے ارکان میں دمِ شکر (شکرانہ کا جانور) ہر اس حاجی کے ذمہ ہے جس نے حج تمتع یا حج قران کیا۔

12 قربانی کرنے کے بعد حلق (بال کٹوانا) کروائیں۔

13 اُسترے سے حلق کروانا افضل ہے۔ قصر بھی کروا سکتے ہیں۔ عورتوں کو تقریباً ایک انچ بال کاٹنے چاہئیں۔

**نوٹ:** یاد رہے کہ عورتوں کو غیر محرم سے بال کٹوانا حرام ہے

14 بال کٹوانے کے بعد احرام کھول دیجئے۔

15 غسل کرنے کے بعد اب آپ ہر طرح کا لباس پہن سکتے ہیں۔

16 منیٰ میں 12,11,10 ذوالحج تک قیام کرنا ضروری ہے۔

17 منیٰ سے طوافِ زیارت کے لئے خانہ کعبہ چلے جائیں۔

18 **طوافِ زیارت** (سات چکر) لگائیں۔ طوافِ زیارت 10 ذوالحج سے لے کر 12 ذوالحج تک کسی بھی وقت کر سکتے ہیں۔

- طوافِ زیارت حجرِ اسود کا استلام کرتے ہوئے بِسۡمِ اللهِ اَللهُ اَكۡبَر کہتے ہوئے شروع کریں۔
- دورانِ طواف تیسرا کلمہ پڑھیں اور دُعائیں مانگیں۔ (دُعا حالتِ طواف میں مقبول ہوتی ہے۔
- ★ رُکنِ یمانی سے حجرِ اسود تک ہر چکر میں رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنۡيَا حَسَنَةً ... الخ پڑھیں۔
- طواف کا ہر چکر حجرِ اسود کا استلام بِسۡمِ اللهِ اَللهُ اَكۡبَر پڑھتے ہوئے کریں۔
- طواف کے سات چکر مکمل کرنے کے بعد اب حجرِ اسود کا آٹھواں استلام کریں اور وَاتَّخِذُوۡا مِنۡ مَّقَامِ اِبۡرٰهِيۡمَ مُصَلًّى پڑھتے ہوئے مقامِ ابراہیم کی طرف جائیں۔

19 طواف مکمل کرنے کے بعد مقامِ ابراہیم کے نزدیک دو رکعت (نمازِ طواف) ادا کریں۔

20 زم زم پر جا کر خُوب سیر ہو کر زم زم پیئیں اور دُعا اَللّٰهُمَّ اِنِّيۡ اَسۡئَلُكَ عِلۡمًا نَافِعًا... الخ پڑھیں۔

21 حجرِ اسود کا نواں استلام کریں اور اِنَّ الصَّفَا وَالۡمَرۡوَةَ مِنۡ شَعَآئِرِ اللهِ پڑھتے ہوئے سعی کیلئے صفا پر چلے جائیں

22 تین مرتبہ اَللهُ اَكۡبَر کہتے ہوئے صفا و مروہ کی سعی شروع کریں۔

- سعی کے دوران لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحۡدَهٗ لَا شَرِيۡكَ لَهٗ... الخ پڑھیں۔
- ایک چکر صفا سے مروہ تک پھر مروہ سے صفا تک دوسرا چکر مکمل ہو جائے گا۔
- سبز لائٹوں کے درمیان مرد حضرات کے لئے دوڑنا سنت ہے۔

23 سعی مکمل کرنے کے بعد منیٰ میں جا کر قیام کریں اور عبادت کریں۔

24 11 ذوالحج منیٰ میں قیام کے دوران تلاوت، عبادت، ذکر و اذکار اور دُعائیں مانگیں۔

25 11 ذوالحج زوال کے بعد تینوں جمرات کو کنکریاں مارنے کے لئے جائیں۔

26 چھوٹے جمرہ کو (7) کنکریاں مارنے کے بعد دُعا کریں پھر درمیانے جمرہ کو (7) کنکریاں مار کر دُعا کریں آخر میں بڑے جمرہ کو (7) کنکریاں ماریں، اب دُعا نہ مانگیں۔

27 کنکریاں مارنے کے بعد واپس اپنے خیموں میں چلے جایئے اور رات منیٰ میں قیام کریں۔

28 **12 ذوالحج** زوالِ آفتاب کے بعد کنکریاں مارنے کے لِئے **جمرات** کی طرف جائیں۔

29 تینوں **جمرات** کو اُسی ترتیب سے کنکریاں ماریں جس طرح **11 ذوالحج** کو ماری تھیں۔

**حج مبارک ہو**

30 اب (رمی) کنکریاں مار کر آپ مکّہ کو چلے جائیں۔ اب آپ کا حج مکمل ہو گیا ہے۔

**نوٹ:** اگر آپ منیٰ کی حدود سے صبح صادق سے پہلے مکّہ جانے کے لِئے نہیں نکل سکے پھر آپ کو **13 ذوالحج** کو سورج نکلنے کے بعد **جمرات** کو اُسی ترتیب سے کنکریاں مارنی ہوں گی جس ترتیب سے **11** اور **12 ذوالحج** کو کنکریاں ماری تھیں۔

31 جب واپس اپنے ملک یا مدینہ منورہ جانا ہو تو واپسی سے پہلے **طوافِ وداع** (آخری طواف) کرنا ضروری/ واجب ہے۔



# مدینہ منورہ روانگی

1 ادب و آداب کے ساتھ درود شریف پڑھتے ہوئے مدینہ کا سفر کریں۔

2 مدینہ منورہ پہنچ کر سب سے پہلے مسجد نبوی کی زیارت کے لئے جانا چاہیئے۔

3 باب السلام سے مسجد میں داخل ہونا افضل ہے۔

4 دو رکعت نماز نفل تحیۃ المسجد (اگر موقع ملے تو ریاض الجنہ میں) ادا کریں۔

5 بڑے احترام کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مُبارک پر حاضری کیلئے جائیں

6 سب سے پہلے نبی پاک ﷺ کی خدمت میں درود وسلام پھر شیخین ابُوبکرؓ و عُمرؓ پر سلام بھیجیں۔

7 جنت البقیع کی حاضری دیں۔ صحابہ کرامؓ، ازواج مطہراتؓ خصوصًا سیدنا عثمان غنیؓ اور اُمّ المؤمنین سیّدہ عائشہ صدیقہؓ کی قبروں پر حاضری دیں۔



# حج کی دُعائیں



جب احرام باندھنے کا ارادہ (نیّت) کریں تو پہلے غسل کریں اور وضو کرلینا بھی کافی ہے احرام باندھنے کے بعد احرام کی چادر سے سر ڈھانپ کر بانیّت احرام دو رکعت نفل پڑھیئے۔ پہلی رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ اور دُوسری رکعت میں سُورۃ قُلْ هُوَاللّٰهُ پڑھنا افضل ہے سلام پھیر کر سر سے چادر اُتار دیں اور پھر حج کی نیّت کی دُعا پڑھیں۔

**حج کی نیّت** اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اُرِیْدُ الْحَجَّ فَیَسِّرْهُ لِیْ وَتَقَبَّلْهُ مِنِّیْ اور تین دفعہ تلبیہ پڑھیں:

**تلبیہ** لَبَّیْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ لَبَّیْكَ لَاشَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَاشَرِیْكَ لَكَ

**مسجد حرام میں داخل ہونے کی دُعا** بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

**جب بیت اللہ پر نظر پڑے** اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (تین مرتبہ پڑھیئے اور دعا کریں)

**طواف شروع کرنے کی دُعا** حجرِ اسود کی طرف مُنہ کر کے دونوں ہاتھ کانوں کے برابر اُٹھا کر یہ دُعا پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ (اور حجرِ اسود کا استلام کریں)

**طواف کی دُعا** سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ (دوران طواف کوئی بھی دعا پڑھیے)

**رُکن یمانی سے حجرِ اسود تک کی دُعا** رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ

**مقام ابراہیم کی طرف جاتے ہوئے پڑھیئے** وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِیْمَ مُصَلًّی

**زمزم پینے کے بعد کی دُعا** اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَاءً مِّنْ كُلِّ دَاءٍ

**حجرِ اسود کا نواں ۹ استلام** اب اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ پڑھتے ہوئے سعی کیلئے صفا پر چلے جائیں۔

**صفا مروہ کی سعی کی دُعا** سعی شروع کرنے سے پہلے تین مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہیں اور پھر یہ دعا پڑھیں لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ

**سبز لائٹوں کے درمیان پڑھیئے** رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ